© rasailojaraid.com



مضمون میں زیر بحث نہیں آئی۔ دراصل INFLATION سے زیادہ متعلق یہی آیت معلوم ہوتی ہے۔ تخسیسِ اشیاء ایک بہت جامع CONCEPT یا تصوّر ہے۔ کم ناپنا یا تولنا معاملہ میں دوسرے کے مال کی VALUE میں کمی کرنا بھی تو اسی قسم کا ایک فعل ہے جس سے INFLATION کی بنیاد پڑتی ہے۔ بہر کیف مضمون بہت اچھا ہے اور میں آپ کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں اس کے چھاپنے پر۔ والسلام

(خالد اسحٰق ایڈوکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان کراچی۔)

---

صدر یحییٰ سے | اللہ تعالیٰ نے ایک عظیم سلطنت کی امارت آپ کو سونپ دی ہے جو آپ کو للکار رہی ہے کہ یا یحییٰ خذ الکتاب بقوۃ۔ اس لئے آئین اور نظام مملکت کے بارہ میں سارے منصوبے نظر انداز کرتے ہوئے یکلخت اسلامی آئین کے نفاذ کا اعلان کر دیں۔ ایسا کرنا غیر جمہوری اقدام نہ ہوگا جیساکہ مودودی صاحب نے مشرق ۲۲ مارچ میں کہا کہ "صدر کیطرف سے خود کسی آئین کا نفاذ غیر جمہوری ہوگا۔" بلکہ اللہ تعالیٰ نے جمہور سے کسی لادینی قانون کو جاری کرنے کا اختیار سلب کر لیا ہے۔ اور مخلوق کی وہ طاعت جائز نہیں جس میں خالق کی نافرمانی ہوتی ہو۔ نہ اللہ اور اس کے رسول کے مقابلہ میں جمہور کو آئین سازی کا حق ہے۔ ماکان لمؤمن ولا مؤمنۃ اذا قضی اللہ ورسولہ امرا ان یکون لھم الخیرۃ۔

(سیف اللہ بنوی متعلم دارالعلوم حقانیہ)

---

مدینۃ الحجاج میں خانۂ خدا کی تعمیر | مدینۃ الحجاج حاجی کیمپ واقع مولوی تمیزالدین خان روڈ پر ایک وسیع مسجد تعمیر کی جا رہی ہے۔ تعمیر کا کام مالی دقتوں کے باوجود اس توقع پر جاری ہے۔ کہ آپ خود اور آپکی وساطت سے دوسرے کرم فرما اس کار خیر میں ہر طرح امکانی سعی اور کوشش فرماکر فراخدلی کے ساتھ حصہ لیں گے۔ تاکہ مسجد آئندہ موسم حج تک تیار ہو جائے اور حاجی صاحبان اس میں انبساط کے ساتھ بسہولت نماز ادا کر سکیں۔ مسجد انشاء اللہ تقریباً ڈھائی ہزار نمازیوں کیلئے کفایت کرے گی۔ مسجد کی مکمل تعمیر و دیگر ضروریات کا تخمینہ کم وبیش دس لاکھ روپیہ کیا گیا ہے۔ عطیات میرے پاس انجمن مدرسہ و مسجد مدینۃ الحجاج کے نام جلد از جلد ارسال فرماکر سپاس گزار بنائیں۔ حکومت پاکستان نے عطیات کو زیر دفعہ ۱۵۔ ڈی (۱) انکم ٹیکس ایکٹ سے مستثنیٰ قرار دیدیا ہے۔

حاجی حافظ فریدالدین احمد الوجیہ

معرفت ۔۔۔ انیس آرمس لمیٹڈ وکٹوریہ روڈ ۔ کراچی ۳

© rasailojaraid.com